یونیورسٹی آف سرگودھا

نمبر۔یو او ایس / اے سی ای (ٹی) 1331 — **اعلامیہ** — مورخہ 28-03-2018

یونیورسٹی آف سرگودھا کے زیر اہتمام ہونے والے **ایم اے / ایم ایس سی پارٹ ون / پارٹ ٹو / کمپوزٹ پہلا سالانہ امتحان 2018** میں ریگولر / لیٹ کالج اور پرائیویٹ امیدواران کی شرکت کیلئے داخلہ فارم جمع کرانے کا شیڈول درج ذیل ہے۔ پہلی بار امتحان دینے والے پرائیویٹ امیدواران ایم اے / ایم ایس سی پارٹ ون یا ایم اے / ایم ایس سی کمپوزٹ امتحان کیلئے داخلہ فارم جمع کرا سکتے ہیں ایم اے / ایم ایس سی کمپوزٹ امتحان دینے کے خواہشمند امیدواران کو ایم اے / ایم ایس سی پارٹ ون اور ٹو کا اکٹھا امتحان دینا ہوگا۔ **پرائیویٹ امیدوار ایم اے اردو، اسلامیات، انگریزی، سیاسیات، اکنامکس، تاریخ، پنجابی، عربی، مطالعہ پاکستان، انٹرنیشنل ریلیشنز اور ایم ایس سی ریاضی کے لئے داخلہ فارم جمع کرا سکتے ہیں**۔ پارٹ ون کا امتحان دینے کیلئے بی اے / بی ایس سی / مساوی امتحان پاس کرنے کے بعد ایک سال اور کمپوزٹ کا امتحان دینے کیلئے دو سال کا وقفہ ضروری ہے۔

سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	20 اپریل 2018
دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	30 اپریل 2018
تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	07 مئی 2018

اگر کوئی پرنسپل یا امیدوار مقررہ فیس سے کم جمع کرائے گا تو مقررہ تاریخ کے بعد اسے کم فیس کا تین گنا جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر رول نمبر سلپ جاری نہیں ہوگی

شرح فیس

	سنگل	دوگنا	تین گنا
☆ ایم اے پارٹ ون	3550/- روپے	7100/- روپے	10650/- روپے
☆ ایم اے پارٹ ٹو	3850/- روپے	7700/- روپے	11550/- روپے
☆ ایم ایس سی پارٹ ون	3800/- روپے	7600/- روپے	11400/- روپے
☆ ایم ایس سی پارٹ ٹو	4000/- روپے	8000/- روپے	12000/- روپے
☆ ایم اے کمپوزٹ	6650/- روپے	13300/- روپے	19950/- روپے
☆ ایم ایس سی کمپوزٹ	7150/- روپے	14300/- روپے	21450/- روپے
☆ ایم اے کمپوزٹ (صرف ایک پارٹ میں سپلی کی صورت میں)	3550/- روپے	7100/- روپے	10650/- روپے
☆ ایم ایس سی کمپوزٹ (صرف ایک پارٹ میں سپلی کی صورت میں)	3800/- روپے	7600/- روپے	11400/- روپے

ایسے پرائیویٹ امیدواران جن کی یونیورسٹی آف سرگودھا میں رجسٹریشن نہیں ہوئی ہے انہیں مبلغ **2500/- روپے رجسٹریشن فیس** بھی جمع کرانا ہوگی

نوٹ:

☆ **امتحانی اور رجسٹریشن فیس صرف یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے کمپیوٹر جنریٹیڈ چالان پرنٹ کر کے جمع کرانی ہوگی۔ ہاتھ سے پر کیا ہوا چالان قابل قبول نہ ہوگا**

1 داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.uos.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ / رجسٹریشن فیس مقررہ چالان فارم پر حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ میں **اکاؤنٹ نمبر 00427991796403** میں جمع کرانی ہوگی اور اصل بینک چالان داخلہ فارم کے ساتھ چسپاں کرنا ہوگا۔ **بینک ڈرافٹ، بینکرز چیک، پوسٹل آرڈر وغیرہ** قابل قبول نہ ہوں گے۔

2 ایم اے / ایم ایس سی پارٹ ون / پارٹ ٹو / کمپوزٹ دوسرا سالانہ امتحان 2017 میں شرکت کے کرنے والے امیدواران اپنے نتیجہ کی اشاعت کے بعد پندرہ یوم تک سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرائیں۔

3 امتحان کا انعقاد اگست 2018 میں متوقع ہے حتمی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا

ڈاکٹر محمد بشیر

کنٹرولر امتحانات

Result.pk